BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## سٹی آف برامپٹن نے انوویشن ڈسٹرکٹ ویڈیو پر مارکیٹنگ ایوارڈ جیت لیا

برامپٹن، آن (10 مارچ 2022) – سٹی آف برامپٹن نے اپنی انوویشن ڈسٹرکٹ ویڈیو پر اکنامک ڈیولپرز ایسوسی ایشن آف کینیڈا (EDAC) کی جانب سے مارکیٹنگ کینیڈا ایوارڈ جیت لیا ہے۔

سٹی ایک پُر جدت اور انٹرپرینیورشپ کے ماحولیاتی نظام: یعنی برامپٹن انوویشن ڈسٹرکٹ کی تعمیر کے ذریعے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کے معاشی امکانات کے فروغ اور انہیں غیر مقفل کرنے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔ اکتوبر 2021 میں، برامپٹن اکنامک ڈیولپمنٹ آفس نے اس اختراعی ماحولیاتی نظام کے اثرات کو اجاگر کرنے کے لیے اپنی انوویشن ڈسٹرکٹ ویڈیو کا اجراء کیا تھا۔

انوویشن ڈسٹرکٹ کی سٹارٹ اپ سکیلنگ، سرمایہ کاری کی کشش اور ٹیلنٹ ڈیولپمنٹ کے کاموں پر گہری اور خصوصی توجہ ہے اور یہ کاروباری افراد اور نئے کاروباروں کے لیے مقامی مدد فراہم کرتا ہے۔ یہ نئی ٹیکنالوجی بنانے میں جدت طرازی اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کی مدد کے لیے وسائل بھی پیش کرتا ہے۔ 2019 میں شروع ہونے والے معاہدوں کے ساتھ، سٹی نے اپنے انوویشن ڈسٹرکٹ میں تقریباً 20.5 ملین ڈالر کی رقم خرچ کرنے کا عزم کیا ہے، جس میں انوویشن ڈسٹرکٹ کے شراکت داروں کی جانب سے بھی تقریبًا 55.2 ملین ڈالر کی سرمایہ کی جائے گی۔

2019 سے 2021 تک، چھ نئے شراکت داروں نے انوویشن ڈسٹرکٹ میں اپنی موجودگی کو بھرپور طور پر ثابت کیا ہے۔ انوویشن ڈسٹرکٹ کے شراکت داروں میں انٹرپرینیوریل، بزنس انکیوبیشن، پوسٹ سیکنڈری ٹریننگ اور ایکسلریٹر اسپیسز مثلًا برامپٹن انٹرپرینئور سینٹر، بی ہائیو برامپٹن، ریئرسن کی قیادت میں وینچر زون، ایلٹی چیوڈ ایکسلریٹر، فاؤنڈر انسٹی ٹیوٹ، الگوما یونیورسٹی اور راجرز سائبر سیکیور کیٹالِسٹ ہیڈکوارٹرز اور ایکسلریٹر شامل ہیں۔ انوویشن ڈسٹرکٹ کی تعمیر میں شیریڈن ایج، برامپٹن بورڈ آف ٹریڈ اور ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن BIA بھی کلیدی شراکت دار ہیں۔

کونسل کی ترجیحات کی مدت پر فروغ پانے والے تبدیلی کے اقدامات کمیونٹیز کی تکمیل، معاشی صلاحیتوں کو مقفل کرنے اور انوویشن کوریڈور پر برامپٹن کی منفرد پوزیشن کو مضبوط بنانے میں مدد کریں گے۔

پورے کووڈ-19 کے دوران، سٹی نے شہر کے وسط میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کا عمل جاری رکھا ہے اور ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں نئی پیش رفت کو فروغ دیا ہے۔ شہر کے انوویشن ڈسٹرکٹ کا مسلسل ارتقاء اس کی معاشی بحالی کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ ہے اور یہ شہر کو وبائی مرض کے اثرات سے باہر نکالنے میں مدد فراہم کرے گا جس میں سائبر سیکیورٹی اور مصنوعی ذہانت جیسے مسلسل ترقی کے لیے تیار شعبوں پر توجہ دی جائے گی۔

انوویشن ڈسٹرکٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں www.bramptoninnovationdistrict.com یا سٹی کی ویڈیو دیکھیں۔

**اکنامک ڈیولپرز ایسوسی ایشن آف کینیڈا اور مارکیٹنگ کینیڈا ایوارڈز کے بارے میں**

EDAC کینیڈا کی اقتصادی ترقی کے پیشہ وارانہ طور پر ماہر افراد کی ایک قومی انجمن ہے، جو تقریباً 1,000 اراکین پر مشتمل ہے اور یہ کینیڈا کے ہر صوبے اور ہر علاقے کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ انجمن تسلیم کرتی ہے کہ کمیونٹی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرنا اقتصادی ترقی کے عمل کا ایک لازمی حصہ ہے۔ مارکیٹنگ کینیڈا ایوارڈز ان تنظیموں کے لیے کھلے ہیں جو کینیڈا کے صوبوں، خطوں، علاقوں، شہروں، قصبوں اور مقامات کی ترقی اور ان کی خصوصیات کو اجاگر کرتی ہیں تاکہ کینیڈا کے رہائشیوں کی معاشی حالت کو بہتر بنایا جا سکے۔

**اقتباسات**

"برامپٹن ایک انتہائی دلچسپ تبدیلی سے گزر رہا ہے اور اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر، ہم اپنے انوویشن ڈسٹرکٹ کو ایک بڑے تعلیمی اور اختراعی مرکز کے طور پر ترقی دے رہے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ مارکیٹنگ خود کو جدت طرازی میں ایک عالمی رہنما کے طور پر ممتاز کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے اور جاری سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے ہم برامپٹن کے بہت سے مثبت پہلوؤں کو اجاگر کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہمیں فخر ہے کہ اکنامک ڈیولپرز ایسوسی ایشن آف کینیڈا نے ہمارے انوویشن ڈسٹرکٹ ویڈیو کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ہم ڈاون ٹاؤن برامپٹن کو جدت طرازی اور ایک کاروباری مرکز کے طور پر مستحکم کرنے کے عمل کو جاری رکھتے ہوئے اور ہم ترقی کر رہے ہیں جس سے ہمارے رہائشیوں، طلباء اور کاروباروں کو فائدہ پہنچے گا۔ انوویشن ڈسٹرکٹ ویڈیو ہمارے انوویشن ایکو سسٹم کے اثرات کو اجاگر کرنے میں ایک بہترین کردار ادا کرتی ہے اور یہ ہماری مدد کرے گی کیونکہ ہم اپنے ڈاؤن ٹاؤن میں سرمایہ کاری کو راغب کرنا جاری رکھیں گے۔ یہ ہمارے لیے ایک انتہائی اعزاز کی بات ہے کہ اسے اکنامک ڈیولپرز ایسوسی ایشن آف کینیڈا نے تسلیم کیا ہے۔"

- *مارٹن میڈیروس، ریجنل کونسلر، وارڈز 3 اور 4؛ چیئر، اکنامک ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"ہم اپنے شہر کے امکانات کو دوبارہ بحال اور غیر مقفل کر رہے ہیں اور اپنے انوویشن ڈسٹرکٹ میں کلیدی اقدامات کو آگے بڑھاتے ہوئے مکمل کمیونٹیز تشکیل دے رہے ہیں۔ برامپٹن کا مطلب کاروبار ہے اور ہماری انوویشن ڈسٹرکٹ ویڈیو اس کو ظاہر کرنے کا بہترین کام کرتی ہے۔ اپنے قابل قدر انوویشن ڈسٹرکٹ شراکت داروں کے ساتھ مل کر، ہم اپنے شہر کے مرکز میں ایک عالمی معیار کی تعلیم اور جدت کا مرکز تعمیر کر رہے ہیں۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر، سٹی آف برامپٹن*

"ہماری اکنامک ڈیولپمنٹ ٹیم ہماری پوری کمیونٹی کو فائدہ پہنچانے کے لیے ہمارے شہر کو تعلیم اور جدت کے مرکز کے طور پر ترقی دینے کی راہ پر گامزن ہے۔ کینیڈا کے انوویشن کوریڈور پر ایک مقام پر ہماری موجودگی، قابل قدر شراکت داری اور ہنر مند اور متنوع ٹیلنٹ پُول کے ساتھ، ہم اپنے شہر کے مرکز کی صلاحیت کو کھول کر سامنے لا رہے ہیں، جو ہمارے انوویشن ڈسٹرکٹ ویڈیو میں واضح طور پر دکھایا گیا ہے۔"

- *کلیہر بارنیٹ، ڈائریکٹر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca